قائداعظم ٹرافی فرسٹ الیون ٹورنامنٹ کا نواں راؤنڈ مکمل

- ناردرن نے بلوچستان کو 8 وکٹوں سے شکست دے دی
- سندھ اور ناردرن کے درمیان میچ ڈرا

لاہور،28نومبر2019ء:

قائداعظم ٹرافی فرسٹ الیون ٹورنامنٹ کے نویں راؤنڈ کے میچ میں ناردرن نے بلوچستان کو 8وکٹوں سے شکست دے کر ایونٹ میں دوسری کامیابی حاصل کرلی ہے۔ یو بی ایل اسپورٹس کمپلیکس کراچی میں کھیلے گئے میچ میں ناردرن نےدوسری اننگز میں 192 رنز کا ہدف 2وکٹوں کے نقصان پر حاصل کرلیا۔ اوپنر علی سرفرازنے95 اور مڈل آرڈر بیٹسمین فیضان ریاض نے 52 رنز کی ناقابل شکست اننگز کھیلی۔ اس سے قبل 42 رنز کے خسارے سے دوسری اننگز کا آغاز کرنے والی بلوچستان کی ٹیم نے 8وکٹوں کے نقصان پر 189 رنز سے میچ کے آخری روز کا کھیل شروع کیا تو بسم اللہ خان نے نصف سنچری اسکور کردی۔ وکٹ کیپر بیٹسمین نے 101 گیندوں پر 69رنز کی اننگز کھیلی۔ بلوچستان کی پوری ٹیم دوسری اننگز میں233 رنز بناکرآؤٹ ہوگئی۔ ناردرن کے کپتان نعمان علی نے میچ میں 8کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی۔ میچ کی پہلی اننگز میں بلوچستان کے 300 رنز کے جواب میں ناردرن کی ٹیم 342 رنز بناکر آؤٹ ہوگئی تھی۔

دوسری جانب سدرن پنجاب اور سندھ کے درمیان نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں کھیلا گیا میچ ڈرا ہوگیا۔ 31 رنز کی برتری سے دوسری اننگز کا آغاز کرنے والی سدرن پنجاب کی ٹیم نے 5وکٹوں کے نقصان پر 236 رنز بنائے تھے کہ دونوں کپتانوں کی باہمی رضامندی سے میچ ختم کردیا گیا۔ وقت کی کمی کے باعث سندھ کی ٹیم دوسری اننگز کا آغاز نہ کرسکی۔اس سے قبل سدرن پنجاب نےمیچ کے آخری روز اپنی دوسری اننگز کا آغاز کیاتو اس کےابتدائی تین کھلاڑی محض 47 رنز پر پویلین واپس لوٹ چکے تھے، جس کے بعد عبدالرحمٰن مزمل اور صہیب مقصود کے درمیان 138 رنز کی شراکت قائم ہوئی۔
عبدالرحمٰن مزمل 103 رنز بناکر ناٹ آؤٹ رہے۔ صہیب مقصود 76 رنزبناکر آؤٹ ہوگئے۔

سندھ کے انور علی نے میچ میں 7 وکٹیں حاصل کیں۔ اس سے قبل سدرن پنجاب کے 517 رنز کے جواب میں سندھ کی ٹیم پہلی اننگز میں 486 رنزبناکر آؤٹ ہوگئی تھی۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk